12599 ـ کیا ڈاکٹر کوادویات کمپنیوں کی جانب سے دی گئي دعوت قبول کرلینی چاہئے

سوال

میں ڈاکٹری پیشہ سے تعلق رکھتا ہوں میرا سوال یہ ہے کہ :
کیا میرے لیے ادویات کپمنی کے نمائندوں کی جانب سے پیش کردہ تحائف اوردعوتیں قبول کرنی جائز ہیں ، وہ یہ سب کچھ اس لیے کرتے ہیں کہ ہم ان کی کمپنی کی تیار کردہ ادویات کے نسخے لکھ کردیا کریں چاہے اس کی قیمت اورمعیار کچھ بھی ہو ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اگرآپ کا اپناذاتی کلینک ہے توآپ کے لیے ایک شرط پران کمپنیوں کی دعوت قبول کرنی جائز ہے کہ ایسا کرنے سے مریضوں کو دی جانے والی ادویات کے معیار پرکوئي اثرنہ ہوتا ہو ، بلکہ آپ مریض کوبہتر سے بہتر دوا لکھ کردیں اور اس میں قیمت کا بھی خیال رکھیں یا پھر مریض کے اختیار پر چھوڑ دیں ۔

تواس بنا پرآپ کا ان کمپنیوں کی جانب سے کی گئي دعوت وپارٹی میں شرکت کرنے کا مقصد یہ ہوگا کہ آپ اس کمپنی کی تیار کردہ ادویات سےمتعارف ہوں ، اوراسی طرح اگر آپ کا اپنا ذاتی کلینک نہیں توپھر آپ ان دعوتوں میں صرف ادویات سے متعارف ہونے کے لیے شرکت کریں تواس میں کوئي حرج والی بات نہیں ، لیکن اگر ایک کمپنی کے تحائف اوردعوت کی بنا پرآپ اسی کمپنی سے تعلق رکھیں اوردوسری سے قطعا تعلق نہ رکھیں توپھر ایسا کرنا صحیح نہیں ۔

اوراس کا بھی خیال رکھیں کہ اگر آپ کا ذاتی کلینک نہیں بلکہ کسی اورہاسپٹل وغیرہ میں کام کرتے ہیں اوراس میں آپ کا اچھا خاصہ اثر رسوخ بھی حاصل ہے جس کی وجہ سے انتظامیہ ادویات بھی وہی خریدتی ہے جوآپ کہیں توپھر آپ بری الذمہ ہونے کے لیے ان تحائف اوردعوتوں سے دور ہی رہیں توبہتر ہے۔ .